TALEEMI DUNYA

Test Syllabus: Unit # 1 (1ہجرت نبویﷺ،1۔حمد،* والد کے نام خط لکھ کر سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیا ن کیجئیے۔* ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام چھٹی کے لیے درخواست لکھئے۔* " شیر کا گھر"* مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ، واحد جمع)

St. Name		Test	Urdu	T. Marks	40	Time	60 Min
F. Name		Class	9th	T. Code	U#1	T. Date	

حصّہ معروضی

نوٹ:ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,CاورDدئیے گئے ہیں جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سےبھر دیجئے ۔ایک سےزیادہدائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصورہوگا۔**8**

1.	حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دار الامان۔۔۔۔۔ کی طرف رُخ کرنےکا حکم دیا۔							
(A)	مکّہ	(B)	مدینہ	(C)	طائف	(D)	یمن	
2.	نبّوت کا۔۔۔۔ سال شروع ہوااور اکثر صحابہ رضی اللہ عنہ مدینہ پہنچ چکے، تو وحی الہیٰ کے مطابق: آنحضرت ﷺ نے بھی مدینے کا عزم فرمایا۔							
(A)	بارھواں	(B)	دسواں	(C)	تیراھوں	(D)	پندرھواں	
3.	اس وقت بھی آپ ﷺ کے پاس بہت سی۔۔۔۔۔۔جمع تھیں۔							
(A)	تلواریں	(B)	امانتیں	(C)	کھجوریں	(D)	نعمتیں	
4.	کملی میں کون مگن رہتا ہے؟							
(A)	گدا	(B)	شاہ	(C)	درویش	(D)	فقیر	
5.	شاملِ نصاب حمد کے شاعر کون ہیں؟							
(A)	امیر مینائی	(B)	علامہ اقبال	(C)	حالی	(D)	ماہر القادری	
6.	ایسا کلام جس میں اللہ تعالیٰ کی تعریف کی گئی ہو، کہلاتا ہے:							
(A)	حمد	(B)	نعت	(C)	غزل	(D)	مرثیہ	
7.	حاکم کی جمع ہے:							
(A)	حکم	(B)	حکیم	(C)	حکما	(D)	حکام	
8.	اجداد کا واحد ہے:							
(A)	جدا	(B)	اجدا	(C)	اجد	(D)	جد	

حصّہ انشائیہ

سوالنمبر2 ۔ مندرجہ ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ **4**

- قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا
  اک بندہ نافرماں ہے حمد سرا تیرا
- جچتا نہیں نظروں میں یاں خِلعتِ سُلطانی
  کملی میں مگن اپنی رہتا ہے گدا تیرا

سوالنمبر3 ۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان ، مصنف کانام بھی لکھے۔ **05**

اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف رُخ کرنے کا حکم دیا، لیکن خود وجودِ اقدسﷺ جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

سوالنمبر4: مندرجہ ذیل میں سے کوئی سے چار سوالات کے مختصر جوابات لکھئے۔

1) ہجرت نبویﷺ سے کیا مراد ہے۔
2) رسول اللہ ﷺ نے نبوت کے کون سے سال ہجرت فرمائی؟
3) حضرت امیر رضی اللہ عنہ سے کون سی شخصیت مراد ہے۔
4) کونسا بند ہ حمد کا سرا ہے۔
5) کس کا حق سب سے مقدم ہے؟
6) محرم اور نا محرم میں کیا فرق ہے؟

سوالنمبر5: سبق" ہجرت نبویﷺ " کا خلاصہ لکھئے۔ **05**

سوالنمبر6: والد کے نام خط لکھ کر سکول میں امتحانی نتیجہ کی روداد بیان کیجیے۔ **10**

یا

ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام چھٹی کے لیے درخواست لکھئے۔